افراد کو مطمئن کرنے کے لئے مناسب مباحث پیش کئے گئے ہیں اور مناسب اسلوب کو اپنایا گیا ہے اللہ تعالیٰ مفتی صاحب اور ان کے جملہ رفقاء کو جزاء خیر عطا فرمائے اور اس تفسیر کو جلد سے جلد مکمل فرمائے (آمین)

یہ تفسیر اس قابل ہے کہ اسے سرکاری لائبریوں واداروں کے لئے منظور کیا جائے۔

کتاب کا نام : قرآن حکیم اردو منظومات کے آئینہ میں

مصنف : پروفیسر محمد جاوید اقبال

ناشر : علم وعرفان پبلشرز 34 اردو بازار لاہور

قیمت وصفحات : ۱۵۰ روپے ۲۳۸ صفحات

پوری کتاب میں ۹۱ شعراء کا قرآنی کلام اردو شاعری میں پیش کیا گیا ہے جو حضرات شعری ذوق رکھتے ہیں۔ان کے لئے یہ کتاب بہترین تحفہ ہے۔مجلّہ میں موجود ماہر القادری کا کلام قرآن کی فریاد اسی کتاب سے ماخوذ ہے۔

جن شعراء حضرات کے کلام اس کتاب میں پیش کئے گئے ہیں ان میں زیادہ معروف علامہ اقبال، انور صابری، مائل خیر آبادی نثار بارہ بنکوری، تابش دھلوی، اسد ملتانی۔حفیظ جالندھری، احسان دانش، وغیرہ شامل ہے۔

یہ کتاب اردو ادب کے اہم ذخیرہ کی جانب رہنمائی کرتی ہے اسے ہر لائبریری کی زینت ہونا چاہئے۔

کتاب کا نام : جہان سیرت (کتابی سلسلہ سیرت النبی ﷺ) ستمبر اکتوبر ۲۰۰۷ء

مدیر : حافظ محمد عارف گھانچی

ناشر : کتب خانہ سیرت کھتری مسجد لیمارکیٹ صدر ٹاؤن

قیمت وصفحات: قیمت درج نہیں ۱۱۲ صفحات

اس کتابی سلسلہ میں درج ذیل مضامین شامل ہیں۔